ilmkidunya

## Pakistan Studies - 12th Class Pakistan Study Full Book Short Questions Preparation

Q1. خارجہ پالیسی سے کیا مراد ہے.

**Ans 1:** "بیرونی ممالک سے تعلقات استوار کرنا انہیں فروغ دینا اور قومی مفاد کے حصول کےلیے بین الاقوامی سطح پر مناسب اقدامات اٹھانا خارجہ پالیسی کہلاتی ہے."

Q2. نظریہ کا مفہوم بیان کریں-

**Ans 1:** نظریہ کا مفہوم ہے انداز فکر اور تصور حیات وغیرہ. نظریہ عام طور پر اس تہذیبی یا معاشرتی لائحہ عمل کو کہتے ہیں-جو کسی قوم کا مشترکہ نصب العین بن جائے.

Q3. پاکستان میں سیاحت کو درپیش کوئی سے دو مسائل بیان کریں.

**Ans 1:** 1- سیاحتی مقامات پر ناکافی رہائشی سہولیات. 2- سیاحت میں حکومتی سرپرستی کا فقدان

Q4. جنرل محمد ایوب خاں کب تک اقتدار میں رہے.

**Ans 1:** جنرل محمد ایوب خاں 1958سے 1969 تک اقتدار میں رہے-

Q5. پاکستان فٹبال فیڈریشن کی بنیاد کب رکھی گئی .

**Ans 1:** پاکستان فٹبال فیڈریشن کی بنیاد 5 ستمبر 1947 کو رکھی گئی قائداعظم اس کےپہلے سرپرست اعلی بنے. اس فیڈریشن کو انٹرنیشنل فیڈریشن نے 1948 میں تسلیم کیا.

Q6. عبوری ائین کب نافذ کیا گیا.

**Ans 1:** 1981 میں ایک عبوری ائین نافذ کیا گیا.

Q7. تعلیمی مسائل کے حل کے لیے تجاویز تحریر کریں-

**Ans 1:** 1- پرائمری سطح پر تعلیم لازمی قرار دی جائے اور بچوں کو بلاتفریق تعلیم کی مفت فراہمی کا بندوبست کیا جائے. 2- سکولوں کی سطح پر درستی کتب کے ساتھ ساتھ اسٹیشنری کی بھی مفت فراہمی کا انتظام کیا جائے. 3- قومی تقاضوں کو پیش نظر رکھتے ہوئے نصاب کو جدید خطوط پر تشکیل دیا جائے. 4- سائنس اور ٹیکنالوجی نصاب کی تشکیل نو کی جائے- موجودہ نصاب کو جدید خطوط پر استوار کیا جائے. 5- تعلیمی اداروں کو ضروری وسائل فراہم کیے جائیں تاکہ وہ اپنی توجہ طلبہ و طالبات کو زریعہ تعلیم سے آراستہ کرنے پر مرکوز کرسکیں-

Q8. دستور ساز اسمبلی نے 1956 کس نے منظوری دی.

**Ans 1:** نومنتخب وزیراعظم چودھری محمد علی نے دستور سازی کے کام کی طرف پوری توجہ دی اور اسے مکمل کیا- دستور ساز اسمبلی 1956 کے نئے ائین کی منظوردے دی - جس مے مطابق پاکستان اسلامی جمہوریہ ہوگا اور وفاقی پارلیمانی نظام قائم ہوگا.

Q9. 1973 کے ائین کے مطابق کوئی سے تین بنیادی حقوق بیان کریں-

**Ans 1:** 1- کسی شہری کو زندگی کے حق سے محروم نہیں کیا جاسکتا- 2- کسی فرد کو ایک ہی جرم پر دو مرتربہ سزا نہیں دی جاسکتی- 3- ہر شہری کو پر امن طور پر اجتماع کی اجازت ہے.

Q10. قانون ساز اسمبلی کتنے ایوان پر مشتمل ہوتی ہے اس کے ارکان کی تعداد بیان کریں-

**Ans 1:** آزاد کشمیر قانون ساز اسمبلی ایک ایوان پر مشتمل ہوتی ہے جو مظفر آباد میں واقع ہے - اس ایوان کے 53 ارکان ہین جن میں 45 ارکان براہ راست آزاد کشمیر کے عوام کی رائے دہی سے منتخب کیے جاتے ہین- جب کہ 1 نشست علما. ٹیکنوکریٹ، 1- بیرون ممالک مقیم کشمیری اور 5 خواتین کے لیے مخصوس نشستین ہین- اسمبلی اپنے ارکان میں سے وزیراعظم ، سپیکر اور ڈپٹی سپیکر کا انتخاب کرتی ہے. اسمبلی تین قسم ے فرائض سر انجام دیتی ہے قانون سازی پالیسی بنانا ور بجٹ پاس کرنا- اسمبلی پانچ سال کے لیے براہ راست منتخب ہوتی ہے.

Q11. 1956 کا ائین کتنے سال تک نافذ رہا.

**Ans 1:** یہ ائین اڑھائی سال تک ملک میں نافذ رہا.

Q12. تعلیم کا تصور بیان کریں-

**Ans 1:** انگریزی میں تعلیم کے لیے لفظ ایجوکیشن استعمال ہوتا ہے جس کے معنی تربیت دینا نشوونما کرنا، کسی خاص میں راہ نمائی کرنا اور مخفی صلاحیتوں کو جلا دیان کے ہیں- تعلیم عربی کے لفظ علم سے ماخوز ہے- علم کے معنی جاننا، پہچاننا یا کسی حقیقت کا حاصل کرنا ہیں- اتعلیم کے معنی بتانا، پڑھانا، بار بار اور کثرت سے خبر دینے کے ہیں-

Q13. پاکستان میں فاصلاتی نظام تعلیم سے کیا مراد ہے.

**Ans 1:** فاصلاتی تعلیم کے لیے اسلام آباد میں پیپلیز اوپن یونیورسٹی قائم کی گئی جس کا بعد میں نام بدل کر علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی رکھ دیا گیا- یہ یونیورسٹی ملک میں فاصلاتی تعلیم کا بندوبست کرتی ہے- اس کے ذیلی علاقائی دفاتر سارے پاکستان میں قائم ہیں-جہاں طالب علم گھر بیٹھے میٹرک سے لے کر ایم فل اور پی ایچ دی تک ڈگریاں حاصل کررہے ہیں-

Q14. پاکستان نے کتنے سال تک سکوائش کا اعزاز اپنے پاس رکھا.

**Ans 1:** پاکستان نے تیس سال تک سکوائش کا اعزاز اپنے پاس رکھا.

Q15. اخوت سے کیا مراد ہے. آخوت کے بارے میں ایک آیت یا اسکا ترجمہ لکھیں.

**Ans 1:** اخوت کے معنی بھائی چارے کے ہیں. اخوت کا اصول اسلامی معاشرے کا ایک اہم پہلو ہے .بھائی بھائی ہونے کی حیثیت سے وہ ایک دورے کے دکھ سکھ اور خوشی اور غم میں شریک ہوتے ہیں. اخوت اور بھائی چارے کا احسان محبت ، باہمی تعاون اور قربانی کے جذبات کو ابارتا اور فروغ دیتا ہے قرآن مجید میں ارشاد ہے. "بے شک سب اہل ایمان بھائی بھائی ہیں."

Q16. 1956 کا ائین کب منسوخ ہوا.

**Ans 1:** 1956 کا ائین نو سال کی انتھک محنت اور کوششوں کے بعد منظور ہوا تھا مگر پاکستان کے مخصوص حالات اور سیاست دانوں کی باہمی چپقلش ، جمہوری اداروں میں فوج ور بیوروکرسی کی بے جا مداخلت اور اعلیٰ قیادت کے فقدان نے ائین کو زیادہ دیر تک چلنے نہ دیا. 1956 کا یہ ائین دو سال اور 7 ماہ تک نافذ رہا جس کے بعد اکتوبر 1958 میں پاکستان آرمی کے کمانڈر انچیف جنرل محمد ایوب خاں نے ملک کی جمہوری حکومت کو برطرف کرکے فوجی حکومت قائم کردی اور تمام اختیارات خود سنبھال لیے. جنرل محمد ایوب خاں نے 1956 کا ائین منسوخ کردیا- وفاقی اور تمام صوبائی اسمبلیاں ختم کردیں- اور خود صدر پاکستان اور چیف مارشل لائ ایڈمنسٹریٹر کا عہدہ

سنبھال لیا-

Q17. حقوق العباد سے کیا مراد ہے ؟ اسکی اہمیت بیان کریں.

**Ans 1:** حقوق حق کی جمع ہے. جبکہ عبد کی جمع عباد ہے . اس سے مراد ہے بندوں یا لوگ ہیں. حقوق العباد سے مراد ہے بندوں کے حقوق. اسلامی تعلیمات میں حقوق العباد پر بہت زور دیا گیا ہے. اسلام نے اہل خانہ ،ہمسایوں قرابت داروں اور دیگر انسانوں حقوق مقرر کردیے ہیں. حقوق ادا کرنے سے معاشرے میں اخوت ، بھائی چارہ، امن و امان اور راحت قلب کی وہ فضا قائم ہوتی ہے. جس سے معاشرہ جنت نظیر بن جاتا ہے.

Q18. قراردادمقاصد کے دو اہم نکات لکھیں.

**Ans 1:** "اقتدار اعلی کا مالک اللہ تعالی ہے جو اپنا اختیار ریاست پاکستان کو تضویث کرتا ہے جس کو پاکستان کے منتخب نمائندے مقدس امانت کے طعر پر قرآن و سنت کی حدود میں ہو کر استمال کرسکیں گے."

Q19. تیسرا ائین کب نافذ کیا.

**Ans 1:** اس حکومت نے 14 اگست 1973 کو پاکستان کا تیسرا ائین نافذ کیا-

Q20. کوئی سے چار مقاصد تعلیم تحریر کریں-

**Ans 1:** 1- تربیت اساتزہ کے لیے موثر ڈھانچا تشکیل دینا- 2- نصاب کو قرآن اور اسلامی اصولوں کے عین مطابق ڈھالنا- 3- نصاب اور درسی کتب کو از سر نو مرتب کرنا. 4- ہرسطح پر جائزہ کے نظام کو بہتر بنانا تاکہ تعلیمی عمیار بلند ہوسکے.

Q21. پاکستان میں تعلیم کے مدارج بیان کریں-

**Ans 1:** پرائمری اور ایلمنٹری تعلیم - ثانوی تعلیم - اعلیٰ ثانوی تعلیم - پروفیشنل تعلیم

Q22. 1973 کے ائین کی کوئی تین خصوصیات بیان کریں-

**Ans 1:** 1- 1973 کا ائین تحریری شکل میں ہے جو کہ 280 دفعات پر مشتمل ہے. 2- قرارداد مقاصد کو ائین کے دیباچے میں شامل کیا گیا. 3- ملک کا نام اسلامی جمہوریہ پاکستان رکھا گیا.

Q23. 1973 کے ائین کے تحت گورنر کی حیثیت بتائیں-

**Ans 1:** گورنر صوبائی حکومت کا سربراہ ہوتا ہے- جس کو صدر نامزد کرتا ہے- جب تک صدر چاہے گورنر اپنے عہدے پر برقرار رہ سکتا ہے- گورنر صوبائی اسمبلی کا اجلاس طلب کرتا ہے- ااسے خطاب کرتا ہے اور وزیراعلیٰ کے مشورے پر اسمبلی توڑسکتا ہے- گورنر ، وزیراعلیٰ کے مشورے پر تما نظم و نسق چلاتا ہے- حآلات کے فوری تقاضے کے پیش نظر آرڈیننس جاری کرسکتا ہے-

Q24. پاکستان کا دوسرا ائین کب نفاز ہوا.

**Ans 1:** جنرل محمد ایوب خان کی کوششوں نے 1962 مین پاکستان کے دوسرے ائین کا نفاذ ہوا. جس کے تحت جنرل محمد ایوب خان ملک کے صدر منختب ہوئے.

Q25. میڈیکل کی تعلیم سے کیا مراد ہے.

**Ans 1:** انسان صحت کو قائم رکھنے کے لیے کسی بھی معاشرے میں ڈاکٹرز اور پیرامیڈیکل سٹاف کا ہونا ضروری ہے- انسان جان اور صحت کو ہر معاشرہ میں بہت اہمیت دی جاتی ہے- ہر سانان کو اپنی زندگی میں علاج کی ضرورت پیش آتی ہے- پاکستان میں اس ضرورت کو پوری کرنے کے لیے حکومت نے اعلی سطح پر میڈیک کالج اور یونی ورسٹیاں کی ہیں- جہاں ایف - ایف-ای -سی کے بعد طلبہ کو انٹری ٹیسٹ کے زریعے سے داخلہ ملتا ہے. نرسنگ اور ہسپتالوں میں کام کرنے والے دوسرے عملے کی تربیت کے لیے بھی ادارے قائم کیے جاچکے ہیں-

---

Q26. کشمیر کونسل کے ممبران کی تعداد بتائیں.

**Ans 1:** کشمیر کونسل کے ارکان کی تعداد 14 ہے.

---

Q27. پاکستان میں تعلیمی مسائل کون سے ہیں-

**Ans 1:** فرسودہ نظام تعلیم - نظریاتی اساس کا فقدان - ناقص طریقہ امتحانات -محدود تعلیمی وسائل -مقصد تعلیم - اساتذہ کی کمی - ہم نصابی سرگرمیوں کا فقدان

---

Q28. نیم رسمی تعلیم سے کیا مرادہے.

**Ans 1:** یہ تعلیم بھی دراصل رسمی تعلیم ہی کا ایک حصہ ہوتی ہے- تعلیمی مقاصد اور نصاب بھی طے شدہ ہوتا ہے لیکن باقاعدہ تعلیمی اداروں کا قیام عمل میں نہیں لہایا جاتا- علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی اسلام آباد کی کلاسز تعلیم بالغاں کے مراکز ، مختلف کلاسز کے مختلف مضامین کی تیاری کے لیے ٹیوشن سنٹر اور اکیڈمیز غیر رسمی تعلیم کی مثالیں ہیں- اس تعلیم کے لیے مختلف اساتذہ سے جزوقتی کام لے کر مختلف کورسز کی تدریس کا اہتمام کیاجاتا ہے جب کہ اساتذہ کی باقاعدہ بھرتی عمل میں نہیں آتی

---

Q29. جنرل پرویز مشرف نے کب محمد نواز شریف کی حکومت کب ختم کرکے اقتدار سنبھال لیا.

**Ans 1:** 12 اکتوبر 1999 کو بری فوج کے سربراہ جنرل پرویز مشرف نے محمد نواز شریف کی حکومت کو ختم کرکے اقتدار سنبھال لیا- ائین کو معطل کردیا اور ایک عبوری ائین کا اعلان کیا گیا.اورصدر پاکستان جنرل پرویز مشرف نے ملک میں نئے عام انتخابات کروانے کا اعلان کیا-

---

Q30. 1073 کے مطابق کے متعلق مسلمان کی تعریف بیان کریں-

**Ans 1:** 1073 کے ائین میں پہلی مرتبہ مسلمان کی تعریف شامل کی گئی جس کی رو سے مسلمان وہ ہے جو توحید ، رساللت اور اللہ تعالیٰ کی کتابوں پر ایمان لانے کے علاوہ حضرت محمد رسول اللہ خاتم النبین صلی اللہ علیہ وسلم کو آخری نبی مانتا ہو.

---

Q31. اسلامی فلاحی ریاست کے تعریف کریں.

**Ans 1:** اسلامی فلاحی ریاست سے مراد ایسی ریاست ہے جو اسلامی اصولونپر مبنی عوام کی فلاح و بہبود کے لیے کام کرہی ہو اور جس کا مقصد ایسا معاشرہ قائم کرنا ہو جہاں عدل و انصاف مساوات، اخوت اور معاشی خوشحال ہو.

---

Q32. سکوائش میں کتنے کھلاڑی ہوتے ہیں-

**Ans 1:** سکوائش میں دو کھلاڑیوں کے مابین بند کمرے میں کھیلا جانے والا کھیل ہے.

---

Q33. قائداعظم نے جون 1945 کو پشاور میں طلبہ سے خطاب سے کرتے ہوئے کیا فرمایا.

**Ans 1:** جون 1945 کو پشاور میں طلباء سے خطاب کرتے ہوئے آپ نے فرمایا."ہماری قوم آزادی حاصل کرنے کو اہل ہے جس میں اسلام کے اصولوں پر عمل درآمد کرناممکن ہوگا اور نظریہ اسلام کی حفاظت ہوسکے گی."

---

Q34. خطبہ حجتہ الوداع کے دو اہم نکات بیان کریں.

**Ans 1:** 1- تمام مسلمان آپس میں بھائی بھائی ہے 2- تمام لوگ حضرت آدم کو اولاد ہیں اس لیے تمام لوگ برابر ہیں. 3- اللہ تعالی نے وراثت میں ہر حقدار کو اس کا حق دیا ہے. 4- اگر کسی کے پاس امانت ہو تو وہ اس کے مالک کو واپس کردے.

---

Q35. علامہ اقبال نے 1930 میں خطبہ آلہ آباد میں کیا ارشاد فرمایا.

**Ans 1:** 1930 میں علامہ اقبال نے مسلم لیگ کے سالانہ اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے ارشاد فرمایا. "انڈیا ایک برصغیر ہے ملک نہیں. یہاں مختلف مزاہب سے تعلق رکھنے اور مختلف زبانیں بولنے والے لوگ رہتے ہیں . مسلم قوم اپنی جداگانہ مذہبی اور ثقافتی پہچان رکھتی ہے."

---

Q36. پاکستان نے کتنے مرتبہ ورلڈ چمپئن بنا

**Ans 1:** پاکستان دو مرتبہ ورلڈ چمپین بنا پہلا 1971 اور دوسرا 1982 پر بنا

---

Q37. مذہبی حقوق سے کیا مراد ہے.

**Ans 1:** اسلامی ریاست میں مذہبی آزادیاں دی جاتی ہیں- غیر مسلموں کو بھی اپنے اپنے مذاہب کے مطابق زندگی بسر کرنے کے مواقع فراہم جاتے ہیں- قرآن مجید میں حکم ہے کہ ترجمہ: "دین میں کوئی زبردستی نہیں ہے ، بے شک ہدیات گمراہی سے خوب واضع ہوچکی ہے."

---

Q38. کبڈی کا کھیل کن ممالک میں مقبول ہے.

**Ans 1:** کبڈی پاکستان، بھارت ، ایران، کینیڈا، امریکہ، انگلینڈ، سری لنکا میں مقبول ہے.

---

Q39. فٹ بال فیڈریشن کی بنیاد کب رکھی گئی.

**Ans 1:** پاکستان فٹ بال فیڈریشن کی بنیاد 5 ستمبر 1947 کو رکھی گئی -قائداعظم رحمتہ اللہ اس کے پہلے سرپرست اعلی بنے.

---

Q40. 1973 کے ائین کے تحت وفاق کے فرائض بیان کریں-

**Ans 1:** 1- وفاق اپنے تمام فرائض صدر پاکستان کے نام سے استعمال کرتا ہے اور وہی تمام فرائض طے کرتا ہے. 2- وفاق کے تمام فرائض وزیراعظم اور اس کی کابینہ کے زریعے سے سر انجام پاتے ہیں- 3- وفاق کے تمام فرائض کی اجنام دہی کے لیے مجلس شوریٰ قوانین بناتی ہیں- 4- وفاق یونین کو قائم رکھتا ہے اور اپنی تمام اکائیوں کے مفادات کا تحفظ کرتا ہے. 5- وفاق اپنی تمام اکائیوں کو پالیسی سازی میں مشورہ دیتا ہے اور تمام اطلاعات مہیا کرتا ہے. 6- وفاق ملکی معیشت کو بحال رکھتا ہے اور ٹیکس عائد کرتا ہے. 7- وفاق اندرونی و بیرونی تجارت کو منطم کرتا ہے. 8- وفاق اندرونی امن و امان کا زمہ دار ہوتا ہے اور ملکی آزادی کا تحفظ کرتا ہے 9- وفاق عدالتی نظام قائم کرتا ہے اور تمام اکائیوں کو انصاف مہیا کرتا ہے. 10- وفاق ملک کے دفاع کے لیے فوج رکھتا ہے اور ضرورت کے وقت جنگ کا اعلان کرتا ہے.

---